سوال

(473)زکوۃ کے پیسوں سے مدرسوں میں تعلیم جائز؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے دوچھوٹے بھائی معہد العالی مرید کے میں زیر تعلیم ہیں اور قرآن وحدیث کا علم حاصل کررہے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ مدارس میں بچوں کی تعلیم پر جو پیسہ خرچ ہوتا ہے وہ زکوۃ و صدقات کا مال ہوتا ہے۔ میرے ذہن میں شروع سے یہ خلش موجود ہے کہ ہر خاص وعام کا وہاں اپنے بچوں کو پڑھانا جائز نہیں، بلکہ انہیں اپنے وسائل سے ان کی تعلیم کا بندوبست کرنا چاہیے۔ وہاں صرف نادار اور غریب لوگوں کے بچوں کا حق ہے۔ ہماری ماہانہ اوسطاً آمدن کم وبیش 5000/روپے ہے اور ہماری فیملی بمعہ دو زیر تعلیم بچوں کے 9افراد پر مشتمل ہے، جس میں ایک چھوٹا بچہ شامل ہے۔ اور باقی سب مکمل افراد ہیں۔ براہِ کرم قرآن وسنت کی روشنی ڈال کر اپنا مفید مشورہ دیں کہ اس بارے میں کیا خیال ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صدقہ وزکوۃ کے مصرف ہیں آٹھ۔ سورۂ توبہ کی آیت نمبر ہے ساٹھ۔ اگر آپ ان مصارف ثمانیہ سے کسی مصرف کا مصداق ہیں تو آپ کے لیے صدقہ وزکوۃ حلال اور طیب ورنہ آپ صدقہ وزکوۃ کا مصرف نہیں۔ اس لیے صدقہ وزکوۃ اس صورت میں آپ کے لیے درست نہیں۔ ۴ ۸ ۱۴۲۱ھ

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص411